## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کے درمیان ٹیلی فون پر تفصیلی بات چیت

## کراچی سمیت ملک بھر میں امن وامان، دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائی، سیاسی حالات اور مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

## الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ کو کراچی میں ایم کیو ایم کے کونسلروں اور کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات سے آگاہ کیا

## بعض عناصر شہر کے امن کو خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں، حکومت کو اس سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ الطاف حسین

## حکومت ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام اور امن وامان کو بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کررہی ہے۔ رحمٰن ملک

## کراچی میں شہری حکومت کی جانب سے پارکنگ پلازہ سمیت دیگر بڑے پیمانے پر کئے جانے والے ترقیاتی کام مثالی ہیں۔ رحمٰن ملک

لندن۔۔۔15 جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کے درمیان آج ٹیلی فون پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ بات چیت میں دونوں رہنماؤں کے درمیان کراچی سمیت ملک بھر میں امن وامان کی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائی، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ کو کراچی میں ایم کیو ایم کے کونسلروں اور کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات سے آگاہ کیا اور کہا کہ بعض عناصر شہر کے امن وامان کو خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں لہٰذا حکومت کو اس سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں کو بھی ہدایت کردی گئی ہے کہ وہ شہر میں امن وامان کو بہتر بنانے کیلئے حکومت وانتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں اور شرپسندوں کے بارے میں انتظامیہ کو آگاہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے امن وامان کو بہتر بنانے کے سلسلے میں وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ حکومت ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام اور امن وامان کو بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کررہی ہے اور جو عناصر بھی ان واقعات میں ملوث ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ رحمٰن ملک نے کراچی میں شہری حکومت کی جانب سے صدر کے علاقے میں تعمیر کئے جانے والے پارکنگ پلازہ سمیت دیگر بڑے پیمانے پر کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کی بھی تعریف کی اور انہیں مثالی قرار دیا۔

## صوبہ سندھ اور اس کے شہر کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست اراکین سینٹ

کراچی۔۔۔14، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینٹ نے سندھ بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے انکار کرنے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے سوال کیا ہے کہ وہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان کے دہشت گردوں کی خودکش جیکٹس، جدید اور آتشیں ہتھیاروں سمیت مسلسل گرفتاریوں کے واقعات کو عوام سے کن مقاصد کے تحت چھپارہے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جب قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبان کی خودساختہ کلاشنکوفی شریعت کے خلاف آواز بلند کی تو انہی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دیکر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی تھی اور اب کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان کے دہشت گردوں کی گرفتاریوں پر نام نہاد مذہبی وسیاسی جماعتیں خاموش رہ کر ملک دشمنی پر مبنی کردار ادا کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو مذہبی جماعتیں طالبان کے دہشت گردوں کی حمایت کررہی ہیں وہ اسلام اور عوام کی کھلی دشمن ہیں۔ حق پرست اراکین سینٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سندھ اور اس کے شہر کراچی میں طالبان کے دہشت گردوں کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## سرکاری زمینوں پر ناجائز تجاوزات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، اراکین قومی اسمبلی

## وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے سرکاری زمینوں پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے فورس بنانے کے فیصلہ کا زبردست خیر مقدم

کراچی ۔۔۔14، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کی جانب سے سرکاری زمینوں پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے فورس بنانے کے فیصلہ کا زبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری زمینوں پر لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان کی جانب سے ناجائز تجاوزات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گردوں نے کراچی کی سرکاری زمینوں پر غیر قانونی قبضہ کررکھا ہے اور ان پر ناجائز تجاوزات قائم کرکے سماج دشمن سرگرمیوں میں مصروف ہیں ۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کی جانب سے سرکاری زمینوں پر ناجائز تجاوزات کے خاتمے کیلئے فورس بنانے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس فورس میں مقامی شہریوں کی شمولیت یقینی بنائی جائے ۔

## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے رکن صادق جلال شہید کا سوئم

کراچی ۔۔۔14، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بن قاسم سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن صادق جلال شہید کا سوئم گزشتہ روز ان کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا ۔ سوئم کے اجتماع میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی وسیم احمد، خالد افتخار، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج و اراکین، ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی ۔

## ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون کے یونٹ انچارج، پی آئی بی محمود آباد کے کارکنان اور شاہ فیصل ٹاؤن کے یوسی لیبر کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون یونٹ بھریا روڈ B کے یونٹ انچارج محمد رفیق کے والد فقیر محمد، ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 نوید الرحمان کے والد عبدالرحمان، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ منظور کالونی کے کارکن محمد صابر کے والد محمد صدیق اور شاہ فیصل ٹاؤن کے یوسی لیبر کونسلر یوسف مرتضی کے والد محمد مرتضی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆